چیک ان کریں
ہر جگہ
ہر بار

آپ کا COVIDSAFE منصوبہ

1. کیا آپ کا COVIDSafe منصوبہ موجود ہے؟

سائٹ پر کاروائیاں کرنے والے ہر کاروبار کے لئے COVIDSafe منصوبہ ہونا ضروری ہے۔ WorkSafe اور مجاز افسران وکٹوریا بھر میں مقامات کو چیک کر رہے ہیں۔

2. کیا آپ کو اپنے سیکٹر میں COVIDSafe ضابطوں کے متعلق معلوم ہے؟

ہر سیکٹر کے متعلق رہنمائی **coronavirus.vic.gov.au/guidance-sectors** پر دستیاب ہے۔ ہر سیکٹر کی رہنمائی کے صفحے پر عمومی سوالات کے جوابات اور مشورہ شامل ہے۔

3. آپ نے اپنے کاروبار کو COVIDSafe بنانے کے لئے کیا اقدامات کیے ہیں؟

ان اقدامات میں ملازمین کو ذاتی حفاظتی سامان، جیسا کہ فیس ماسکس کی فراہمی، کاروباری حدود میں داخل ہونے والے تمام افراد کو چیک ان کرنے کی ترغیب دینا، سینیٹائزر دستیاب کرنا اور اکثر چھوئی جانے والی سطحوں کو جراثیم سے پاک کرنا شامل ہو سکتے ہیں۔

4. آپ کے COVIDSafe منصوبے میں ترامیم کرنے کے لئے کون ذمہ دار ہے؟

آپ کے COVIDSafe منصوبے پر کثرت سے نظر ثانی اور ترامیم کی جانی چاہئیں تاکہ آپ کو نئی پابندیوں کی تعمیل کرنے اور اپنے ملازمین، ٹھیکے داروں اور گاہکوں کے تقاضے پورے کرنے میں مدد مل سکے۔

5. کیا آپ کے ملازمین کو آپ کا COVIDSafe منصوبہ معلوم ہے؟

یہ اہم ہے کہ آپ کے ملازمین کو آپ کے COVIDSafe منصوبے اور کیے گئے اقدامات کا علم ہو۔ اس سے انہیں آپ کے کاروبار کو محفوظ رکھنے کی اہمیت اور بیمار ہونے کی صورت میں گھر رہنے کی اہمیت سمجھنے میں مدد ملے گی۔ کووڈ-19 کی علامات میں بخار، جاڑا، کھانسی، گلے میں درد، سانس کی تنگی، بہتی ناک یا بو نہ آنا شامل ہیں۔

6. کیا آپ کا کیو آر کوڈ موجود ہے؟

ضروری ہے کہ تمام کاروبار وکٹورین حکومت کی کیو آر سروس استعمال کریں (چند استثنات موجود ہیں) اور یقینی بنائیں کہ گاہک اور عملہ ہر جگہ ہر مرتبہ چیک ان کریں، خواہ وہ اس حدود میں کتنی ہی دیر موجود کیوں نہ رہیں۔یہ مفت ہے، استعمال میں آسان ہے اور کووڈ-19 کا پھیلاؤ روکنے میں مدد دیتا ہے۔ رجسٹر کرنے کے لئے coronavirus.vic.gov.au/QRcode پر جائیں۔

7. کیا آپ چاہتے ہیں کہ گاہکوں کو درست کام کرنے میں مدد دینے کے لئے مزید علامات اور پوسٹر موجود ہوں؟

آپ کے کاروبار کے لئے علامات، پوسٹرز اور اسٹیکرز **coronavirus.vic.gov.au/signs-posters-and-templates** پر دستیاب ہیں۔

8. کیا آپ کو کسی اور زبان میں معلومات کی ضرورت ہے؟

بزنس وکٹوریا ہاٹ لائن 15 22 13 اور coronavirus.vic.gov.au/translated-information-about-coronavirus-covid-19 پر کاروباروں کے لئے کئی زبانوں میں COVIDSafe منصوبہ بندی کے متعلق معلومات دستیاب ہے۔

اپنی کووڈ-19 ویکسینیشن بک کروائیں
www.coronavirus.vic.gov.au/vaccine

VICTORIA State Government

اس طرح آپ اپنے ملازمین اور گاہکوں کو محفوظ رکھیں گے۔

کاروبار کا نام:			
پتہ:			
منصوبہ مکمل کردہ از:		ملازمت کا عہدہ:	
نظر ثانی کی تاریخ:		اگلی نظر ثانی:	

جسمانی فاصلے پر عمل کریں

تقاضے اور تجاویز	اقدام
ضروری ہے کہ آپ گنجائش کی متعلقہ مقدار کا اطلاق کریں۔ اپنے سیکٹر کی رہنما ہدایات میں دیکھیں کہ ہر سیکٹر میں کتنے افراد موجود رہ سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر آپ $30m^2$ دکان ہے تو دو مربع میٹر کے اصول کے متعلق اس میں 15 افراد موجود ہو سکتے ہیں۔	آپ کے سیکٹر میں گنجائش کی مقدار کیا ہے؟ آپ گنجائش کی مقدار کی تعمیل کے لئے کیا اقدامات کر رہے ہیں؟ کیا آپ نے داخلے پر علامت لگائی ہے؟ گنجائش کی مقدار سے تجاوز نہ ہونے کو یقینی بنانے کے لئے کون ذمہ دار ہے؟
جب ممکن ہو تو ہدف یہ رکھیں کہ ملازمین اور ملاقاتیوں کے درمیان 1.5 میٹر کا جسمانی فاصلہ برقرار رہے۔	کیا افراد کے جائے ملازمت میں داخلے، نقل و حرکت اور اخراج کے دوران آپ کو ہجوم گھٹانے کی ضرورت ہے؟ کیا آپ افراد کو 1.5 میٹر کے فاصلے پر رہنے کی ترغیب دینے کے لئے فرش پر بنے نشانات یا اسٹیکرز استعمال کر رہے ہیں؟
آپ کو ملازمین کو جسمانی فاصلہ رکھنے کی تربیت دینی چاہیے۔ اس میں موجودہ COVIDSafe ضابطوں کا فہم شامل ہونا چاہیے۔ اسے **coronavirus.vic.gov.au** پر دیکھا جا سکتا ہے	آپ نے اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کیا اقدامات کیے ہیں کہ آپ کے ملازمین کو جسمانی فاصلے کی اہمیت سمجھ آئے؟

فیس ماسک پہنیں

تقاضے اور تجاویز	اقدام
لازمی ہے کہ آپ یقینی بنائیں کہ تمام ملازمین فیس ماسک کے حالیہ تقاضوں کی پیروی کریں، جنہیں **coronavirus.vic.gov.au/face-masks** پر بیان کیا گیا ہے وقت کے ساتھ تقاضے بدل سکتے ہیں۔	کیا آپ کے ملازمین کو آپ کے سیکٹر میں فیس ماسک کے تقاضے سمجھ آئے ہیں؟ کیا آپ اپنے ملازمین کو فیس ماسکس فراہم کرتے ہیں؟

آپ کو چاہیے کہ ذاتی حفاظتی سامان (PPE) کو درست طریقے سے فٹ کرنے، استعمال کرنے اور ضائع کرنے کے متعلق تربیت اور معلومات فراہم کریں۔ آپ کو ملازمین کو بتانا چاہیے کہ دوبارہ استعمال کیے جانے والے ماسکس کو ہر روز استعمال کے بعد دھونا ضروری ہے۔ تاہم اگر دن کے دوران ماسک واضح طور پر گندا یا گیلا ہو تو فوری طور پر اس کی جگہ صاف ماسک پہنا جانا چاہیے۔	آپ کے ملازمین کو PPE کے استعمال کا طریقہ سمجھانے کے لئے کون ذمہ دار ہے؟

اچھے حفظان صحت پر عمل کریں

تقاضے اور تجاویز	اقدام
لازمی ہے کہ آپ مشترکہ جگہوں کو کثرت سے صاف اور جراثیم سے پاک کریں۔ اس میں اکثر چھوئی جانے والی سطحیں، جیسا کہ دروازوں کے ہینڈل اور ٹیلیفون شامل ہیں۔ آپ کو درج ذیل کام کرنے چاہئیں: • اکثر چھوئی جانے والی سطحوں کو صفائی کی مناسب مصنوعات، بشمول ڈیٹرجنٹ اور جراثیم کش مادے سے صاف کریں۔ • شفٹوں کے درمیان صفائی کریں۔	کیا آپ ہر روز دو مرتبہ اکثر چھوئی جانے والی سطحوں کو صاف اور جراثیم سے پاک کرتے ہیں، بشمول دروازوں کے ہینڈل، کاؤنٹر اور ریلنگ؟ شفٹوں کے درمیان صفائی کے لئے کون ذمہ دار ہے؟
آپ کو مشترکہ جگہوں پر صفائی کا لاگ لگانا چاہیے۔ ;	آپ کا صفائی کا لاگ کہاں ہے؟
آپ کو چاہیے کہ تمام ملازمین کے لئے صابن اور ہینڈ سینیٹائزر دستیاب کریں اور باقاعدگی سے ہاتھ دھونے کی ترغیب دیں۔	کیا آپ کے ہاتھ دھونے کے تمام اسٹیشنوں پر صابن اور پانی موجود ہے؟ کیا تمام گاہک، ڈلیوری لانے والے افراد، ٹھیکے دار اور عملہ داخلے کے وقت سینیٹائزر تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں؟

ریکارڈ رکھیں اور اگر ملازمین بیمار ہوں تو فوری کاروائی کریں

تقاضے اور تجاویز	اقدام
اگر آپ کے ملازمین بیمار ہوں تو **لازمی ہے** کہ آپ ملازمین کو ٹیسٹ کروانے اور گھر پر رہنے میں معاونت فراہم کریں، خواہ ان کی علامات ہلکی ہوں۔	کیا آپ کو کووڈ-19 کی علامات معلوم ہیں؟ اگر کوئی ملازم علامات ظاہر کرے تو کیا اسے معلوم ہو گا کہ اسے گھر رہنا چاہیے اور ٹیسٹ کروانا چاہیے؟
لازمی ہے کہ آپ وبا کا انتظام کرنے کے لئے ہنگامی کاروباری منصوبہ تشکیل دیں۔ اس میں درج ذیل شامل ہیں: • ملازمت پر موجودگی کے دوران کسی ملازم کو مثبت کیس یا قریبی رابطہ ہونے کی اطلاع ملنے پر ردعمل دینے کا منصوبہ۔ • مثبت کیس آنے کی صورت میں جائے ملازمت (یا کچھ حصہ) کی صفائی کرنے کا منصوبہ۔ • اگر آپ کی جائے ملازمت پر کووڈ-19 میں مبتلا شخص موجود ہو تو محکمۂ صحت اور WorkSafe سے 60 23 13 پر رابطہ کرنے کا منصوبہ۔ • اگر محکمۂ صحت آپ کو جائے ملازمت بند کرنے کی ہدایت دے تو اس صورت میں منصوبہ۔ • محکمۂ صحت کی منظوری کے بعد جائے ملازمت دوبارہ کھولنے کا منصوبہ۔	آپ سائٹ پر موجود تمام عملے اور ٹھیکے داروں کا اندراج کیسے کرتے ہیں؟ اگر آپ کے تمام عملے اور سپلائرز کو قرنطینہ ہونے اور ٹیسٹ کروانے کی ضرورت ہوئے تو آپ ان سب سے کیسے رابطہ کریں گے؟ اگر جائے ملازمت میں مثبت کیس آ جائے تو محکمۂ صحت اور WorkSafe کو کون اطلاع دے گا؟

لازمی ہے کہ تمام کاروبار سروس وکٹوریا ایپ کے ذریعے وکٹورین حکومت کی کیو آر سروس استعمال کریں (چند استثنات موجود ہیں)۔ **اگر کوئی ملاقاتی چیک ان نہ کر سکے تو سروس وکٹوریا کیاسک چیک ان سروس کی جانب سے کاروباروں کو اجازت ہے کہ وہ اپنا اسمارٹ فون، ٹیبلٹ یا کمپیوٹر استعمال کرتے ہوئے ملاقاتیوں کو چیک ان کریں۔** **یہ مفت، تیز رفتار اور استعمال میں آسان ہے۔**	**coronavirus.vic.gov.au/register-to-use-vic-gov-qr-code-service** **پر وکٹورین حکومت کیو آر سروس کے لئے رجسٹر کریں** **اگر وبا پھیل جائے تو اس سے تیز رفتار اور مؤثر طریقے سے رابطوں کا سراغ لگا کر وائرس کا پھیلاؤ روکنے میں مدد ملے گی۔** **یقینی بنائیں کہ عملہ، ٹھیکے دار، گاہک اور ملاقاتی چیک ان کریں۔**

بند مقامات پر رابطوں سے گریز کریں

تقاضے اور تجاویز	اقدام
آپ کو ملازمین کی بند جگہوں میں موجودگی کا دورانیہ گھٹانا چاہیے۔ آپ درج ذیل طریقوں سے ایسا کر سکتے ہیں: • بیرون عمارت کھلی فضا میں کام کرنے کو ممکن بنانا۔ • ہر ممکن حد تک سرگرمیوں کو باہر منتقل کرنا، بشمول گاہکوں کی خدمت، میٹنگز، چائے خانے، لنچ بریک اور لاکر رومز۔ • کھڑکیاں اور دروازے کھول کر ہوا کا بہاؤ بڑھانا۔ • ایئر کنڈیشننگ سسٹمز میں تازہ ہوا کا بہاؤ بہتر کرنا۔	کیا آپ دروازے یا کھڑکیاں کھول سکتے ہیں یا سرگرمی کو باہر منتقل کر سکتے ہیں؟

افرادی قوت کے حلقے

تقاضے اور تجاویز	اقدام
ملازمت کے ایک مقام پر ایک ہی شفٹ میں کام کرنے والے ملازمین کے گروپ بنانے پر غور کریں۔ جب عملی طور پر ممکن ہو تو شفٹ کی تبدیلیوں کے دوران ملازمین کے گھلنے ملنے سے گریز کریں۔	کیا آپ ملازمین کو گروہوں میں رکھتے ہوئے ان سے رابطے میں آنے والے افراد کی تعداد کم کرتے ہیں؟ اگر وبا آ جائے تو آپ اسے اپنی تمام ٹیموں میں پھیلنے سے کیسے روک سکتے ہیں؟ کیا ٹیموں کو مختلف دن تعینات کیے گئے ہیں؟

یہ دستاویز چھوٹے کاروباروں کے لئے COVIDSafe منصوبہ تیار کرنے کی مددگار گائیڈ ہے۔
براہ کرم **CORONAVIRUS.vic.gov.au** پر اپنی صنعت کے لئے تازہ ترین تقاضے دیکھنا یقینی بنائیں

ہماری رازداری کی پالیسی کے مطابق آپ کی فراہم کردہ تمام معلومات کو خفیہ رکھا جائے گا اور صرف مذکورہ مقاصد کے لئے استعمال کیا جائے گا۔

ہماری رازداری کی پالیسی کے متعلق مزید معلومات کے لئے براہ کرم **icc@ecodev.vic.gov.au** پر ای میل کریں
یا بزنس وکٹوریا ہاٹ لائن کو 13 22 15 پر کال کریں۔

چیک ان کریں
ہر جگہ
ہر بار

اپنے COVIDSafe منصوبے میں مدد کے لئے **CORONAVIRUS.vic.gov.au** ملاحظہ کریں یا بزنس وکٹوریا ہاٹ لائن کو **13 22 15** پر کال کریں۔مترجم دستیاب ہیں۔

VICTORIA State Government

DJPR 13413